39210 ـ روزہ دار کا چپ سٹك (ہونٹوں پر کریم وغیرہ لگانا) کا استعمال کرنا

سوال

روزے دار کے لیے ہونٹوں کی خشکی ختم کرنے کے لیے مرہم یا کریم وغیرہ استعمال کرنے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

" انسان کے لیے ہونٹ اور ناك تر کرنے کے لیے کوئی مرہم یا کریم وغیرہ استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں، یا پھر وہ پانی یا گیلے کپڑے وغیرہ کے ساتھ گیلا بھی کر سکتا ہے.

لیکن اس میں یہ احتیاط کرنا ہوگی کہ خشکی دور کرنے کے لیے استعمال ہونے والی چیز میں سے کچھ بھی بیٹ میں نہ جائے، اور اگر بغیر قصد اور ارادہ کوئی چیز داخل ہو بھی جائے تو اس کا روزہ صحیح ہے، اس کے ذمہ کچھ لازم نہیں آتا، مثلا اگر کلی کرتے ہوئے بغیر ارادہ اور قصد پانی پیٹ میں چلا جائے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا " انتہی.